Page 2.

کیا بات شرک سے پاک - ورنہ کیا مثال دی جاری ہے بات کو سمجھانے کیلئے؟

جواب: شرک کرنے والا ایسا ہے گویا کہ وہ آسمان سے گر گیا۔ اب یا تو پرندے اسے اچک لیں یا ہوا اسکو کسی گہرے کھڈ میں لے جا کر پھینک دے۔

آیت 34-35: اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی امت کے لئے قربانی کا ایک طریقہ مقرر کیا تاکہ وہ ان جانوروں کی قربانی کر کے شکر گذاری کا حق ادا کریں۔ اور 'مخبتین' میں شامل ہو جائیں۔ وہ کون لوگ ہیں؟

جواب: حاضری کرنے والے۔ تقویٰ رکھنے والے۔ صبر کرنے والے مصیبت پر نماز قائم کرنے والے اور خرچ کرنے والے۔

آیت 36-37: آگے اس آیت میں اونٹوں کی قربانی جو شعائر اللہ میں سے ہے اسکی طرف اشارہ ہے۔ اسکی اہمیت کا کیا پتہ چل رہا ہے؟

جواب: اس میں بڑی برکتیں اور فوائد ہیں۔ یہ صحرا کا وہ جانور ہے جو تجارتی سرگرمیوں کا ذریعہ ہے۔ اسی لیے اسکو اپنے رب کی خوشنودی کے لیے قربان کرنے کا حکم ہے جو اللہ کے تقرب کا ذریعہ ہے۔

آخر میں اس قربانی کا ہمارے لئے کیا پیغام ہے؟

جواب: یہ قربانیاں کرنا انسان میں تقویٰ کی روح پیدا کرتا ہے۔ اللہ کے ہاں نہ اسکا گوشت پہنچتا ہے نہ خون۔